**PDMA**
**Provincial Disaster Management Authority**
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ:16اگست،2026

# مون سون موسمی انتباہ[ ایڈوائزری ]

## پریس ریلیز

## خیبر پختونخوا میں 17 سے 21 اگست تک بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کی پیشگوئی۔ پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایت کردی

پشاور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں 17 اگست سے 21 اگست تک بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کی پیشگوئی کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے

پی ڈی ایم اے کے مطابق **چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، کوہستان، بٹگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو اور کرزئی** سمیت دیگر اضلاع میں بارش اور گرج چمک کا امکان ہے۔ جبکہ جنوبی اضلاع میں **20 اور 21 اگست** کو بارش متوقع ہے۔

پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ بارشوں کے دوران بالائی اضلاع کے پہاڑی علاقوں میں **لینڈ سلائیڈنگ** کا خدشہ ہے، جبکہ مردان اور صوابی کے نشیبی علاقوں میں شدید بارش کے باعث **اربن فلڈنگ** کا خطرہ موجود ہے۔ تیز ہواؤں اور بجلی گرنے سے کمزور عمارتوں، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز اور سولر پینلز کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔

پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں میں پیشگی انتظامات مکمل رکھے جائیں، سڑکوں اور نکاسی آب کے نظام کو صاف رکھا جائے، دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی کی جائے اور ضرورت پڑنے پر ریسکیو ٹیموں کی بروقت تعیناتی یقینی بنائی جائے۔

پی ڈی ایم اے نے شہریوں اور سیاحوں کو بارش کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کرنے، دریاؤں اور ندی نالوں سے محفوظ فاصلہ رکھنے اور بچوں کو پانی کے جوہڑوں، نالوں اور برساتی نالوں کے قریب نہ جانے دینے کی ہدایت کی ہے۔ بارش اور گرج چمک کے دوران بجلی کے کھلے تاروں اور برقی آلات سے دور رہنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

پی ڈی ایم اے کا صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر صورتحال کی 24 گھنٹے نگرانی کر رہا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ناخوشگوار واقعے کی اطلاع پی ڈی ایم اے کی ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر دی جاسکتی ہے۔

**ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا**